# Thorpe Meadows Sculpture Trail

# Map & Guide

# تھارپ میڈوز اسکلپچر ٹرائل
# نقشہ اور رہنما

تھارپ میڈوز کے آس پاس فنی شاہکار اور ارضی منظر کی دریافت میں دائرہ نما سیر۔
تقریباً 3.2 کلو میٹر / 2 میل

**تھارپ میڈوز اسکلپچر ٹرائل**

تھارپ میڈوز اسکلپچر ٹرائل میں خوش آمدید۔ یہ ٹرائل سبزہ زار اور چراگاہوں سے ہو کر کشتی رانی والی جھیل، نینے ندی کے پاس آپ کو لے جا کر منفرد چیز کو دریافت کرتی ہے۔ یہ ٹرائل Nene Park وے روڈ کے نیچے اسٹریٹ آرٹ گیلری سے ہو کر بھی گزرتی ہے۔ یہ پرچہ اس ٹرائل میں آپ کی رہنمائی کرے گا اور ڈسپلے میں موجود فنی شاہکار کے بارے معلومات فراہم کرے گا۔

تھارٹ میڈیکل اسکلپچر ٹرائل میں تشریف آوری مفت ہے اور یہ پورے سال کھلا ہوا ہے۔ ٹرائل 2.3 کلو میٹر/ 2 میل ہے اور اسے مکمل کرنے میں تقریباً 1 گھنٹہ لگتا ہے۔
ٹرائل کا آغاز ہوتا ہے بمقام:

**تھارپ میڈوز کار پارک (پے اینڈ ڈسپلے)، PE3 6LN**
**what3words location scam.chair.frozen**

ٹرائل تک رسائی بنیادی طور پر سطح، مسطح راستوں پر ہے۔ کچھ مجسموں تک رسائی گھاس والے راستوں سے ہوتی ہے اور ایک مختصر ڈھلان بھی ہے جو گیلے موسم کے دوران ناہموار اور کیچڑ آلود ہو سکتی ہے۔ ممکن ہے کہ کافی گیلے موسم میں ٹرائل کے کچھ علاقے قابل رسائی نہ ہوں۔

خاندان اور گروپس **اسکلپچر ٹرائل فیملی ایکٹیویٹی شیٹ** کی مدد سے ٹرائل کو دریافت کر سکتے ہیں جس میں بچوں کے لیے پرلطف سرگرمیاں شامل ہیں سرگرمی شیٹ www.neneparktrust.org/sculptures سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے مفت ہے

ہم آپ کی تشریف آوری کے بارے میں سننا چاہتے ہیں۔ اپنے من پسند مجسمے، اپنے من پسند منظر یا نو دریافت شدہ فنی شاہکار کی فوٹو شیئر کریں؟ @ NeneParkPboro #NeneParkArt یا art@neneparktrust.org.uk پر ای میل کریں

آرٹس کونسل انگلینڈ کی طرف سے سرکاری فنڈنگ کا استعمال کر کے

**تھارپ میڈوز اسکلپچر ٹرائل**

تھارپ میڈوز کار پارک سے شروع کر کے، ندی کی طرف کشتی رانی والی جھیل کے مختصر کنارے پر سیر کریں۔ پگڈنڈی اور پھر بجری والے راستے پر چلتے ہوئے ندی کے ساتھ دائیں مڑیں۔

**فنی شاہکار**: آؤٹ سائیڈ ان **فنکار**: جان فوسٹر

1. آؤٹ سائیڈ ان جگہ، حجم، اور وزن کو دریافت کرنے کے لیے بھاری اسٹیل کا استعمال کرتا ہے۔ دھات موڑی ہوئی اور انٹر لاک کی ہوئی معلوم پڑتی ہے، حالانکہ وہ نرم مٹیریل کی بنی ہوئی ہے جس کو آسانی سے اندر باہر موڑا جا سکتا ہے۔ مجسمے میں موجود شکلیں داخلی کاریگری - ایک انجن کی یا دل کے والووز کو - بتاتی ہیں۔

**راستے پر چلتے رہیں۔**

2. **فنی شاہکار**: پیوپل **فنکار**: ٹالّیک ونر

راستے کے بائیں طرف، ٹالّیک ونر کا بنایا ہوا پیوپل ہے۔ جب آپ مجسمے کے گرد چلتے ہیں تو، دو شکلیں ضم اور علیحدہ ہوتی ہیں، جو مستقل نقل و حرکت اور لوگوں کے درمیان رشتوں میں تبدیلی میں فنکار کی دلچسپی کی عکاسی کرتی ہیں۔ یہ شکلیں قریب میں موجود پانی اور گردوپیش کے درختوں کی حرکات کی بھی عکاسی کرتی ہیں۔

**راستے پر چلتے رہیں۔**

3. **فنی شاہکار**: عارضی تنصیبات

خالی چوکی عارضی فنی شاہکار کے لیے جگہ ہے۔ براہ کرم آئندہ پروجیکٹوں کی تفصیلات کے لیے ہماری ویب سائٹ چیک کریں۔

**راستے پر چلتے رہیں۔**

4. فنی شاہکار: کارمورنٹ فنکار: الیزابیتھ **کوک**

کارمورنٹ کے مجسمے پر نظر ڈالیں جس کا بسیرا کشتی رانی والی جھیل کے بغل میں راستے کے دائیں طرف ہے۔ پرندے کی نفیس شکلیں اور نقل و حرکت، نیز اس کے بازو پھیلے ہوئے ہیں اور اس کی گرفت کو فخر سے اٹھائے ہوئے ہیں، اسے دھاتی اشیاء اور ری سائیکل کردہ مٹیریل سے بنایا گیا ہے۔ فنکار نے اصلاً ایک رقاصہ کے بطور تربیت حاصل کی اور وہ اپنے فنی شاہکاروں کے ذریعے نقل و حرکت کو دریافت کرتی ہیں۔

5. **فنی شاہکار**: کریئیچر **فنکار**: اینی نکولسن

راستے کی مخالف سمت میں اینی نکولسن کی کریئیچر ہے۔ یہ مجسمہ کلپشم پتھر کے ایک بڑے سے ٹکرے سے بنایا گیا تھا جو قریبی لنکن شائر میں واقع کان سے نکلا تھا۔ جب آپ مجسمے کے گرد چکر لگائیں گے تو مختلف اشکال تخلیق کرنے اور ایک مخلوق کی شکل دینے کے لیے فنکار نے جو ٹول مارکس اور کٹ استعمال کیے ہیں انہیں آپ دیکھ اور محسوس کر سکتے ہیں۔

**گھاس کے راستے پر ندی کی طرف چلتے رہیں۔**

6. **فنی شاہکار**: فیسٹول بوٹ **فنکار**: سوکاری ڈگلس کیمپ

فیسٹول بوٹ ایک بڑے پیمانے کا فنی شاہکار ہے جو نینے ندی کے کنارے پر موجود ہے اور اس کی ندی کے محل وقوع اور نائجیریا میں نائجر ندی پر مستعمل تقریب والی کشتیوں سے اس کی ترغیب ملی تھی۔ سوکاری ڈگلس کیمپ کی پیدائش بوگوماء نائجیریا میں ہوئی تھی اور کالا باری ثقافت اور ماحول سے اسے تحریک ملی تھی۔

**بجری والے راستے پر پیچھے کی طرف چلیں اور راستے کے ساتھ پیچھے نظر ڈالیں۔**

**7.** **فنی شاہکار**: آڈ اوکس **فنکار**: نکولس پاپ

اصلاً چار عدد بڑے لکڑی کی شکلوں کا ایک سیٹ جو ایک ساتھ مل کر مہیب بلوط بنتا ہے، یہ مجسمہ 2011 میں پیٹر بوروں اسکلپچر کلیکشن سے ہٹا دیا گیا تھا لیکن اسے بعینہ حالت میں اس لیے چھوڑ دیا گیا تھا کہ یہ لکڑی تحلیل ہونے پر اپنی فطرت پر لوٹ جائے۔

8. فنی شاہکار: زیر بحر، زیر سمندر

**فنکار**: کرسٹائن **انگس**

راستے کی مخالف سمت میں تین مجرد مجسمے ہیں جو چونا پتھر سے ہاتھوں سے کندہ کیے گئے ہیں یہ مجسمے آثار قدیمہ کی دریافتوں سے مشابہ ہیں اور اس علاقے کے ورثہ سے ربط رکھتے ہیں، جہاں حجری دور اور رومن بندوبست کی دریافت ہوئی ہے۔ 1983 میں تخلیق شدہ، یہ فنی شاہکار قریبی ندی نینے اور وقت کے لحاظ سے، غذا، رسم و رواج، نقل و حمل اور مزید حالیہ طور پر ماحول کا تحفظ کرنے کے لیے کمیونٹی کے لیے پانی کی اہمیت سے ربط بناتا ہے، نیز تھارپ میڈوز سیلاب رسانی سے شہر کا تحفظ کرتے ہوئے ایک اہم سیلاب کا میدان فراہم کرتا ہے۔

**سڑک کی مخالف سمت پار کریں۔**

9. **فنی شاہکار**: بلا عنوان 1990 **فنکار**:

اسٹیل کا یہ فنی شاہکار قبضہ دار سیکشنز کے سلسلوں کا بنا ہوا ہے جو مختلف مناظر کے لیے راہ گزر کی طرح کام کرتا ہے۔ یہ مجسمہ مقامی ریلوے اور صنعتی فن تعمیر کے ورثے کا حوالہ پیش کرتا ہے۔ یہ اس ٹرائل کے دوران مائلز ڈیویس کے دو مجسموں میں سے ایک ہے۔

**مجسمہ کے دائیں طرف گھاس والے راستے پر آگے بڑھیں۔**

10. **فنی شاہکار**: ہیلیئس XVI **فنکار**: بیری میسن

ہیلیئس XVI پتھر کا ایک مجسمہ ہے جو موسم گرما میں انقلاب شمسی کا جشن منانے کے لیے بنایا گیا تھا۔ صرف اسی وقت گلوب کی شکل کا چہرہ سورج سے پوری طرح منور ہوتا ہے، جو ایک مجسمہ سازی کا کیلنڈر بناتا ہے۔ اس فنکار کو ارضی مناظر اور سورج کی راہوں، سایوں اور وقت کے گزران میں خصوصی دلچسپی ہے۔ یہ مجسمہ ہیلیئس کے مجسموں کے سلسلوں میں سے ایک ہے۔

**بجری والے راستے پر پیچھے جائیں اور بائیں مڑیں، راستے پر چلتے رہیں۔**

**غذا اور مشروب:** پکنک لانے پر آپ کا خیر مقدم ہے لیکن براہ کرم اپنا کوڑا دھیان سے ضائع کریں یا اسے گھر لے جائیں۔ دی ووڈ مین پب یا ڈریگن فلائی ہوٹل سے بھی غذا اور مشروب خریدا جا سکتا ہے۔

**پارک رینجرز**
پارک رینجرز دن کے اوقات میں Nene Park کی دیکھ بھال کرتے اور گشت لگاتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی آمد کے دوران مشورہ یا اعانت درکار ہو تو، ڈیوٹی رینجرز سے 07860 308081 پر رابطہ کریں۔

**پارک کا ضابطہ**
براہ کرم اپنی سیر کا مزہ لیں اور پارک کے ضابطے اور مضافاتی علاقہ کے ضابطے پر ہمیشہ عمل کریں۔براہ کرم اپنی سیر کا مزہ لیں اور پارک کے ضابطے اور مضافاتی علاقہ کے ضابطے پر ہمیشہ عمل کریں۔ آپ بیرون میں لگے مجسموں کو چھو سکتے ہیں لیکن محتاط رہیں کیونکہ سطحیں نفیس ہیں۔

- **تمام زائرین** پودوں اور جنگلی زندگی کا تحفظ کریں۔ براہ کرم فراہم کردہ کوڑے دان استعمال کریں یا اپنا کوڑا گھر لے جائیں۔
- __**کتے کو ٹہلانے والے**__ افراد اپنے کتے کو نظر میں اور
- زیر قابو رکھیں۔ اپنے کتے کی صفائی کریں اور براہ کرم اپنے کتے کو جنگلی جانور اور دوسرے زائرین کے پاس جانے سے
- روکیں۔

براہ کرم ہمارے پورے پارک کے ضابطہ کو ہماری ویب سائٹ **www.nenepark.org.uk** پر دیکھیں

ہمیں امید ہے کہ آپ کو ان مجسموں سے لطف آئے گا۔
براہ کرم اپنی فوٹوز @NeneParkPboro #LoveNenePark پر شیئر کریں


**عمومی استفسارات**
Visitor.services@neneparktrust.org.uk
01733 234193


**11. فنی شاہکار: لٹل پرنس فنکار: جین اکرائیڈ**
لٹل پرنس اینٹونی ڈی سینٹ ایگزیوپری کی تحریر کردہ بچوں کی کہانی سے تحریک یافتہ ہے۔ کہانی ایک چھوٹے شہزادے کے پیچھے چلتی ہے جو زمین سمیت متعدد سیاروں کا دورہ کرتا ہے، اور فطرت، افراد اور ہمارے سیارے سے ہمارے رشتے کو دریافت کرتا ہے۔ فنکار نے درخت، سیارہ نما اور اہرام سمیت اسٹیل میں موجود کہانیوں سے صفات تخلیق کی ہیں۔

**وتری طور پر سبزہ زار کے ساتھ اگلے مجسمے تک جائیں۔**

**12. فنی شاہکار: کواری فنکار: سائمن پیری**
کواری پتھر سے عروج پانے والے ایک بھیڑیا نما مخلوق کی نقاشی کرتا ہے، جو اپنے شکار کو گرفت میں لینے کو تیار ہے۔ مجسمے کا تعلق ارضی منظر کی تاریخ، نیز 15ویں صدی تک یو کے کے جنگل میں رہنے والے بھیڑوں سے، اور کواری کے بطور سائٹ کی حالیہ تاریخ سے بھی ہے جو شہر کے سڑکوں کے جدید نیٹ ورک کے لیے تعمیراتی مواد فراہم کرتا ہے۔

**بجری والے راستے پر پیچھے چلیں اور بائیں مڑیں۔ فلائی اوور کی طرف کشتی رانی والی جھیل سے بدستور دور رہیں۔ دائیں مڑیں اور پایوں کے درمیان چل کر مقامی گلی کے فنکاروں کے فنی شاہکار دیکھیں۔**

**ٹرمیک پاتھ پر دائیں مڑیں۔ راستے پر چلتے رہیں، بائیں رہیں یہاں تک کہ آپ اسکلپچر ٹرائل کے نقشہ والے بورڈ کے پاس پہنچ جائیں۔ ڈھلان پر دائیں مڑیں اور ٹریک پر چلتے رہیں۔**

**13. فنی شاہکار: پیٹر بورو آرک فنکار: لی گرانڈجین**
پیٹر بورو آرک فخریہ انداز میں لانگ تھارپ پارک وے کے ساتھ کھڑا ہے اور اسے صراحتی طور پر اسی مقام کے لیے بنایا گیا تھا۔ سٹی سینٹر کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے – یہ مجسمہ پیٹر بورو میں منتقل ہونے والی نئی کمیونٹیز کی آمد کی نمائندگی کرتا ہے۔ تصویر کے بائیں طرف سیدھی لائنیں شہر کے ماحول کو بیان کرتی ہیں اور اس کے دائیں طرف، نامیاتی شکلیں قدرتی ارضی منظر کو پیش کرتی ہیں۔

**ٹریک پر آگے بڑھتے رہیں۔**

**14. فنی شاہکار: بلا عنوان 1989 فنکار: مائلز ڈیویس**
آپس میں لاک ہونے والی گزر گاہوں کے سلسلے جیسا کہ منظم ہے، جب آپ مجسمہ کے گرد چلتے ہیں تو یہ مصروف لانگ تھارپ پارک وے کے چاروں طرف تضاد پیدا کرنے والے مناظر اور پارک کی پر سکون سیٹنگ بناتا ہے۔ یہ مجسمہ اسٹیل کا بنا ہوا ہے جس کا رنگ ہوا میں اس کے تکسید کرنے کی وجہ سے تبدیل ہوتا ہے، جو فطرت کے تبدیل ہونے منظر کا عکس بناتا ہے۔

**تھارپ میڈوز کار پارک کی طرف جانے والی ٹریک پر چلتے رہیں۔**


1
2
3
4
5
6
7
8
9
10
11
12
13
14

**شہر بھر میں مزید مجسمے دریافت کریں...**

تھارپ میڈوز اسکلپچر ٹرائل کے اندر موجود مجسمے پیٹر بورو اسکلپچر کلیکشن کا حصہ ہیں، جو Nene Park ٹرسٹ کے زیر انتظام ہیں۔ پیٹر بورو اسکلپچر کلیکشن کو بنیادی طور پر 1978 اور 1988 کے درمیان پیٹر بورو ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے تخلیق کیا تھا۔ جینی کائرنس، لیوی ماؤبے اور جیسن تھامسن کے مجسمے، جو فیری میڈوز میں واقع ہیں اور Nene Park ٹرسٹ کی جانب سے نصب کیے گئے ہیں، اس کلیکشن میں تازہ ترین اضافے ہیں۔ درج ذیل مقامات پر تشریف لا کر کلیکشن کے اندر مزید مجسمے دریافت کریں:

A. فیری میڈوز، PE2 5UU
- لینچ ووڈ سیٹس از لی ماؤبی۔
- پیرامڈ از جان مائنے
- برڈ ان فلائٹ از باب ڈاؤسن
- دی سینٹینیل از جیسن تھامسن
- ویژن آف نیچر از جینی کائرنس

B. باڈی، مائنڈ، اسپرٹ از اسٹیفن براڈنیٹ بمقام پیٹر بورو سٹی ہاسپٹل، ایڈتھ کیویل کیمپس، بریٹن گیٹ، PE3 9GZ

C. پاور ردم از رابرٹ ارسکائن، گرین وھیل سائیکل روٹ، نزد آئی گول چگر، پرنویل وے، پیٹر بورو
D. پلیسز ٹو بی از اینتھنی گورملی کیتھیڈرل اسکوائر میں چھتوں کے اوپر
E. لیگون از اینتھنی کارو، کی تھیئٹر، (فورکورٹ)، امبینکمنٹ روڈ، پیٹر بورو PE1 1EF
F. اسپائر از رین اینڈ ٹھیکر، A605 گول چکر بیرون اکیا ڈسٹری بیوشن ویئر ہاؤس، اسٹین گراؤنڈ، PE2 9ET
G. فائر از ڈیوڈ انیزلی، اسکلپچر گارڈن، برگلی ہاؤسن، اسٹمفورڈ، www.Burghley.co.uk PE9 3JY (نقشے پر نہیں دکھایا گیا ہے)

چاہے آپ **تھارپ میڈوز** میں اسکلپچر ٹرائل کے گرد ٹور لینا پسند کریں، **فیری میڈوز** میں پرندے کے مجسمے کا سامنا ہو، یا کیتھیڈرل اسکوائر کے اوپر سے دیکھتے ہوئے اینتھنی گورملی کی تصاویر کا پرتو دیکھیں گے تو، ہمیں امید ہے کہ آپ ایک ایسا فنی شاہکار دریافت کریں گے جس میں آپ کو مزہ آئے گا یا جو آپ کے اندر مزید پتہ کرنے کی جستجو پیدا کرے گا۔

ہمیں بتائیں کہ آپ نے کون سا مجسمہ دریافت کیا NeneParkArt# NeneParkPboro@

